**31.08.2025**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ....................... کلیم احمد

**Music**

---------------------------------

☆ وزیرِ اعظم نریندر مودی نے چین کے شہر Tianjin میں 'شنگھائی تعاون تنظیم' کی سربراہ کانفرنس کے موقع پر چین کے صدر Xi Jinping کے ساتھ دو طرفہ بات چیت کی اور کہا کہ بھارت نے باہمی اعتماد، احترام اور حساسیت کی بنیاد پر تعلقات کو آگے لے جانے کا تہیہ کررکھا ہے۔

☆ وزیرِ اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ ملک کو 'ووکل فار لوکل' کے منتر کے ساتھ ترقی یافتہ بھارت کے مقصد کے حصول کیلئے آتم نربھر بھارت کے راستے پر آگے بڑھنا ہوگا۔ آکاشوانی پر ''من کی بات'' پروگرام میں، وزیرِ اعظم نے لوگوں پر زور دیا کہ وہ زندگی کے ہر شعبے میں سودیشی کو اپنائیں۔

☆ وزیرِ اعظم نے، اُن لوگوں اور تنظیموں کے تئیں تشکر کا اظہار کیا ہے، جنہوں نے مانسون کے قہر کے دوران امدادی کوششوں میں انسانیت کو مقدم رکھا۔ جناب مودی نے کہا کہ جن کنبوں نے اپنے عزیز و اقارب کو کھویا ہے، اُن کا درد ہمارا درد ہے۔

☆ موسمیات محکمے نے آج شمالی بھارت کے بیشتر حصوں میں بہت تیز بارش ہونے کی پیش گوئی کی ہے۔ قومی راجدھانی دلّی میں دریائے جمنا میں پانی کی سطح خطرے کے نشان سے تجاوز کرگئی ہے۔

☆ اور بہار کے راج گیر میں ایشیا کپ ہاکی چیمپئن شپ میں آج سہ پہر بھارت کا مقابلہ جاپان سے ہونے والا ہے۔

------------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**PM SCO**

وزیرِ اعظم نریندر مودی نے آج چین کے شہر Tianjin میں شنگھائی تعاون تنظیم کی سربراہ کانفرنس کے موقع پر، چین کے صدر Xi Jinping کے ساتھ دو طرفہ بات چیت کی۔ جناب مودی نے کہا کہ بھارت اور چین کے 280 کروڑ عوام کے مفادات، دونوں ملکوں کے درمیان اشتراک سے منسلک ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اِس سے پوری بنی نوع انسان کی بہبود کی راہ ہموار ہوگی۔ وزیرِ اعظم نے کہا کہ بھارت نے باہمی اعتماد، احترام اور حساسیت کی بنیاد پر تعلقات کو آگے لے جانے کا تہیہ

کررکھا ہے۔

جناب مودی نے کہا کہ سرحدی بندوبست کے تعلق سے دونوں ملکوں کے خصوصی نمائندوں کے درمیان اتفاقِ رائے ہوگیا ہے۔ وزیرِ اعظم نے کہا کہ کیلاش مانسرovar یاترا بحال ہوگئی ہے اور دونوں ملکوں کے درمیان ہوائی جہازوں کی سیدھے پروازیں بھی پھر شروع کی جارہی ہیں۔×

**PM Mann Ki Baat**

وزیرِ اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ ملک کو 'ووکل فار لوکل' کے منتر، آتم نربھر بھارت کی راہ اور ترقی یافتہ بھارت کے مقصد کے ساتھ آگے بڑھنا ہوگا۔ آج آکاشوانی پر ''مَن کی بات'' پروگرام میں اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے، جناب مودی نے کہا کہ تہواروں کے دنوں میں لوگوں کو سودیشی کے بارے میں کبھی نہیں بھولنا چاہیئے۔

**SB - 1400 - MKB-PM Vocal for Local**

وزیرِ اعظم نے کہا کہ ''ایک بھارت شریشٹھ بھارت''، کا جذبہ اور ملک کا اتحاد، ملک کی ترقی کیلئے نہایت اہمیت کا حامل ہے اور اِس میں کھیلوں کا بھی اہم رول ہے۔

جناب مودی نے کہا کہ جو کھیلتا ہے، وہ کِھلتا ہے۔ انہوں نے سری نگر کی ڈَل جھیل میں حال ہی میں منعقدہ پہلے 'کھیلو انڈیا واٹر اسپورٹس فیسٹیول' کا ذکر کیا، جہاں ملک بھر کے تقریباً 800 ایتھلیٹس نے حصہ لیا۔

**SB - 1400 - PM - MKB - Water Sports**

اِس نشریے کے دوران وزیرِ اعظم نے دو کھلاڑیوں، اڈیشہ کی رَشمیتا ساہو اور سری نگر کے محسن علی سے گفتگو کی، جنہوں نے اِس فیسٹیول میں سونے کے تمغے جیتے ہیں۔

جناب مودی نے کہا کہ جموں و کشمیر میں پلوامہ ضلعے کے ایک اسٹیڈیم میں دن رات کے اولین کرکٹ میچ کے دوران ریکارڈ تعداد میں لوگ اکٹھا ہوئے۔ یہ میچ رائل پریمیر لیگ کے تحت کھیلا گیا۔ جناب مودی نے کہا کہ ہزاروں پُرجوش افراد، خاص طور پر نوجوانوں نے رات کے وقت پلوامہ میں کرکٹ کا لطف اٹھایا اور یہ منظر واقعی قابلِ دید تھا۔

وزیرِ اعظم نے کہا کہ گذشتہ چند ہفتوں کے دوران سیلاب اور چٹانوں کے ٹکڑے گرنے کی وجہ سے بڑی تباہی ہوئی ہے اور اِن واقعات سے ملک کے ہر شہری کو دکھ ہوا ہے اور جن کنبوں نے اپنے عزیز و اقارب کو کھویا ہے، اُن کا درد ہمارا درد ہے۔

**SB -1400 - MKB PM - NDRF**

جناب مودی نے ہر اُس شہری کے تئیں تشکر کا اظہار کیا، جنہوں نے مشکل کی اِس گھڑی میں انسانیت کو مقدم رکھا۔

وزیرِ اعظم نے ڈجیٹل پلیٹ فارم 'پرتبھا سیتو' کا بھی ذکر کیا، جس میں اُن امیدواروں کا ڈیٹا رکھا گیا ہے، جنہوں نے UPSC کے مختلف امتحانات کے سبھی مرحلے پاس کرلئے تھے لیکن حتمی Merit List میں اُن کا نام نہیں آیا۔

Lex Fridman کے ساتھ اپنے Podcast کا ذکر کرتے ہوئے، وزیرِ اعظم نے کہا کہ جرمنی کے فٹبال کھلاڑی اور کوچ Dietmar Beiersdorfer نے، اِس Podcast کو سُنا اور وہ مدھیہ پردیش کے شہ ڈول کے نوجوان فٹبال کھلاڑیوں کی زندگی کے سفر سے متاثر ہوئے اور تحریک حاصل کی۔ جناب مودی نے فٹبال شائقین پر زور دیا کہ اُنہیں جب بھی

وقت ملے، وہ شہ ڈول ضرور جائیں اور وہاں ہونے والے اسپورٹنگ انقلاب کو قریب سے دیکھیں۔ جناب مودی نے کہا کہ شمسی توانائی سے کسانوں کی زندگی میں بڑی تبدیلی آرہی ہے۔ انہوں نے اِس سلسلے میں بہار میں مظفر پور کی دیوکی کا تذکرہ کیا، جنہوں نے ایک شمسی پمپ سے اپنے گاؤں کی تقدیر ہی بدل ڈالی۔

وزیرِ اعظم نے کہا کہ رامائن اور بھارتی ثقافت کے تئیں پیار و محبت دنیا کے ہر گوشے میں پہنچ رہا ہے۔ جناب مودی نے روس کے **Vladivostok** کا ذکر کیا، جہاں ایک منفرد نمائش منعقد کی گئی۔ جناب مودی نے بتایا کہ رامائن کے مختلف موضوعات پر روس کے بچوں کی جانب سے بنائی گئیں مختلف **Paintings** وہاں رکھی گئی تھیں اور ایک مقابلے کا بھی اہتمام کیا گیا۔ **1947** میں حیدرآباد کے واقعات کے بارے میں مردِ آہن سردار ولبھ بھائی پٹیل کی ایک آڈیو ریکارڈنگ شیئر کرتے ہوئے، جناب مودی نے کہا کہ اگلے مہینے ملک حیدرآباد لبریشن ڈے منائے گا اور اُن سبھی دِلیر سورماؤں کی ہمت کو یاد کرے گا، جنہوں نے آپریشن **Polo** میں حصہ لیا تھا۔

**SB - 1400 - PM MKB - Sardar Patel**

وزیرِ اعظم نے کہا کہ **17** ستمبر کو وشوکرما جینتی منائی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ یہ دن ملک کے وشوکرماؤں کیلئے وقف ہے، جو روایتی دستکاری، ہنرمندی اور علم پر مبنی سائنس کو لگاتار ایک نسل سے دوسری نسل تک پہنچا رہے ہیں۔

جناب مودی نے کہا کہ بڑھئی، لوہار، سنہار، کمہار اور مورتی بنانے والے ہمیشہ ملک کی خوشحالی کی بنیاد رہے ہیں۔ وزیرِ اعظم نے کہا کہ اِن وِشوکرما بھائیوں کی مدد کیلئے سرکار نے وشوکرما یوجنا کا آغاز کیا ہے۔×

**Day IMD Weather**

بھارتی موسمیات محکمے نے آج مغربی اترپردیش، پنجاب، ہریانہ، چنڈی گڑھ، مشرقی راجستھان، ہماچل پردیش اور اتراکھنڈ میں کہیں شدید اور کہیں بہت شدید بارش ہونے کی پیشگوئی کی ہے۔ موسمیات محکمے کے مطابق دلّی، مظفر آباد، کونکن، گوا ، مدھیہ مہاراشٹر، اڈیشہ، مغربی بنگال اور تلنگانہ میں بھی تیز بارش ہونے کا امکان ہے۔×

**HP Weather**

ہماچل پردیش میں مختلف مقامات پر رک رک کر بارش ہونے سے تین قومی شاہراہیں اور **819** رابطہ سڑکیں فی الحال بند ہیں۔ اِس کے علاوہ، ایک ہزار **236** ٹرانسفارمر اور پینے کے پانی کی **424** اسکیمیں کام نہیں کررہی ہیں۔ اِدھر تقریباً چار ہزار اور یاتریوں کو بحفاظت چَمبا لانے کیلئے کوششیں زور و شور سے جاری ہیں۔×

**Delhi - Yamuna Water Level**

راجدھانی دلّی میں آج صبح جمنا کے پانی کی سطح خطرے کے نشان کو پار کرگئی۔ دریا میں پانی **205** اعشاریہ تین تین میٹر سے اوپر بہہ رہا ہے اور لگاتار شدید بارش کی وجہ سے پانی کی سطح میں مزید اضافہ ہو رہا ہے۔ دلّی میں گزشتہ چند دن سے روزانہ بارش ہو رہی ہے۔

محکمۂ موسمیات **IMD** نے دلّی میں منگل تک آسمان کے عام طور پر ابرآلود رہنے اور درمیانی بارش کی پیش گوئی کی

ہے۔ اُس نے اگلے ہفتے کے لیے گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے کی بھی پیش گوئی کی ہے۔ اِس دوران، دلّی کے میور وِہار میں ایک ریلیف کیمپ قائم کیا گیا ہے، تاکہ جمنا کے پانی کی سطح میں مزید اضافہ ہونے کی صورت میں، متاثرہ افراد کو بچا کر وہاں پہنچایا جاسکے۔×

**Pakistan - Rain**

پاکستان میں گزشتہ دو ماہ کے دوران، بارش سے وابستہ واقعات اور سیلاب کی وجہ سے ہونے والی ہلاکتوں کی تعداد 835 سے تجاوز کرگئی ہے۔ ملک کے مشرقی حصے میں کئی دنوں سے ہونے والی شدید بارش کے بعد آنے والے سیلاب سے تقریباً 5 لاکھ افراد بے گھر ہوگئے ہیں۔ شمالی پاکستان میں 100 سے زیادہ افراد لاپتہ ہیں، جہاں جمعے کے روز سے پورے ملک اور پاکستان کے قبضے والے کشمیر میں اچانک آئے سیلاب سے کم از کم 360 افراد کی موت ہوگئی ہے۔

پنجاب میں ملک کی تاریخ میں پہلی بار تینوں بڑے دریاؤں میں پانی کی سطح میں اضافہ ہوگیا ہے۔ پانی کی سطح میں غیرمعمولی اضافے کے سبب 2 ہزار 300 سے زیادہ گاؤوں متاثر ہوئے ہیں۔×

**Bihar - Asia Cup**

بہار کے راج گیر میں آج سہ پہر مردوں کے ایشیا کپ ہاکی چیمپئن شپ 2025 میں کپتان ہرمَن پریت سنگھ کی قیادت میں بھارت کا مقابلہ جاپان سے ہوگا۔ یہ میچ سہ پہر 3 بجے شروع ہوگا۔ دونوں ٹیمیں پول-اے میں ہیں اور دونوں ہی ٹیموں نے اپنے اپنے ابتدائی میچوں میں جیت کے ساتھ شروعات کی ہے۔ بھارتی ٹیم نے اپنے پہلے میچ میں چین کو سخت مقابلے میں چار-تین سے ہرایا، جبکہ جاپان نے قزاخستان کو سات-صفر سے کراری شکست دی۔×

**Telengana - Assembly Bills**

تلنگانہ Legislative اسمبلی نے آج ''پنچایت راج ترمیمی بل 2025'' اور ''تلنگانہ Municipalities ترمیمی بل 2025'' کو اتفاق رائے سے منظور کرلیا، تاکہ پسماندہ طبقات کے لیے 42 فیصد ریزرویشن کے نفاذ میں سہولت پیدا کی جاسکے۔ اِن دونوں بلوں میں کُل ریزرویشن میں 50 فیصد کی حد میں اضافہ کرنے اور پنچایتوں کے ساتھ ساتھ میونسپلٹیوں میں ارکان، چیئرپرسن اور میئرس کے لیے 42 فیصد ریزرویشن فراہم کرنے کی بات کہی گئی ہے۔

وزیر اعلیٰ A Revanth ریڈّی نے تعلیم، روزگار اور مقامی بلدیاتی اداروں میں پسماندہ طبقات کو 42 فیصد روزیرویشن فراہم کرانے سے متعلق ریاستی حکومت کے عہد کا اعادہ کیا۔×

**Putin China**

روس کے صدر ولادیمیر پوتن نے کہا ہے کہ روس اور چین برکس ملکوں کے خلاف بھید بھاؤ پر مبنی پابندیوں کی مخالفت کرتے ہیں۔ ایک خبر رساں ایجنسی کے ساتھ انٹرویو میں، انہوں نے کہا کہ دونوں ملکوں نے، اِن پابندیوں کے خلاف ایک مشترکہ موقف اختیار کیا ہے، جن سے برکس کے ممبر ملکوں کی سماجی اور معاشی ترقی میں رکاوٹ پڑتی ہے۔ جناب پوتن، چین

کے چار دن کے سرکاری دورے پر آج صبح Tianjin پہنچے ہیں، جہاں وہ شنگھائی تعاون تنظیم کی سربراہ کانفرنس میں شرکت کریں گے۔×

## Shooting Asian Chapmpionship

قزاخستان کے شہر Shymkent میں جاری 16 ویں ایشیائی نشانے بازی چیمپئن شپ میں، بھارت نے تاریخ ساز کارنامہ انجام دیا ہے۔ بھارت، چیمپئن شپ کی تاریخ میں پہلی مرتبہ سونے کے 50 تمغے جیت کر سرِ فہرست ہے۔ اُس نے چاندی کے 26 اور کانسے کے 23 تمغوں سمیت مجموعی طور پر 99 تمغے جیتے ہیں۔ میزبان قزاخستان، تمغوں کی فہرست میں دوسرے مقام پر، جبکہ چین تیسرے مقام پر ہے۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆